# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## تربیت اساتذہ وغیر رسمی تعلیم ( آئی اے ایس ای) شعبہ تعلیمات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے
## 'امپاورنگ ایجوکیٹرز ود اے آئی ان ٹیچنگ اینڈ ریسرچ'
## کے موضوع پر آن لائن ایف ڈی پی منعقد کیا

New Delhi, May 19, 2025

تربیت اساتذہ وغیر رسمی تعلیم ( ٹیچر ٹریننگ اینڈ نان فارمل ایجوکیشن (ٹی ٹی اینڈ این ایف ای) انسٹی ٹیوٹ آف ایڈوانسڈ اسٹڈیز ان ایجوکیشن ( آئی اے ایس ای) شعبہ تعلیمات نے الیکٹرانکس اینڈ آئی سی ٹی اکیڈمی (ہب) این آئی ٹی وارنگل اینڈ ای اینڈ آئی سی ٹی اکیڈمی (اسپوک) انڈین انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹکنالوجی ڈیزائن اینڈ مینوفیکچرنگ ( آئی آئی آئی ٹی ڈی ایم ) کرنول، آندھرا پردیش کے ساتھ مل کر 'امپاورنگ ایجوکیٹرز ود اے آئی ان ٹیچنگ اینڈ ریسرچ' کے عنوان پر مورخہ چھ مئی تا سولہ مئی دو ہزار پچیس، چالیس گھنٹوں کا دس روزہ آن لائن فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام (ایف ڈی اپی) منعقد کیا۔ فیکلٹی ڈولپمنٹ پروگرام کو حکومت ہند کی وزارت برائے الیکیٹر انکس وانفارمیشن ٹکنالوجی (ایم ای آئی ٹی وائی) نے اسپانسر کیا تھا۔

ایف ڈی پی کے افتتاح جلسے کا آغاز چھ مئی کو ہوا جس کے ساتھ ہی تدریس وتحقیق میں مصنوعی ذہانت کی شمولیت سے متعلق دس روزہ جامع آن لائن تربیتی پروگرام شروع ہوا۔ پروگرام میں مہمان خصوصی پروگرام پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل ، جامعہ ملیہ اسلامیہ تھے۔ افتتاح اجلاس میں پروگرام میں تعاون دینے والے اداروں کی اہم شخصیات جیسے جسی ابراہم، صدر شعبہ تربیت اساتذہ، غیر رسمی تعلیم جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر پی سری ہری راؤ، چیف انویسٹی گیٹر، ای اینڈ آئی سی ٹی، اکیڈمی، این آئی ٹی وارنگل، ڈاکٹر کے۔ کرشنا نائک ایسوسی ایٹ پروفیسر۔ ای سی ای، آئی آئی تی ڈی ایم کرنول، ڈاکٹر ایم نریش بابو، ایسوسی ایٹ پروفیسر۔ سی ایس ای، آئی آئی آئی ٹی ڈی ایم، کرنول، پروفیسر سارہ بیگم، ڈین، فیکلٹی آف ایجوکیشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروگرام کے شرکا شامل تھے۔

اس پروگرام کو مشترکہ طور پر ڈاکٹر نویل نٹلا انوراگ پرشانتھ، اسسٹنٹ پروفیسر، آئی آئی آئی ٹی ڈی ایم کرنول اور ڈاکٹر ارم خان، ایسوسی ایٹ پروفیسر، تربیت اساتذہ وغیر رسمی تعلیم ( آئی اے ایس ای) شعبہ تعلیمات، جامعہ ملیہ اسلامیہ۔

ایف ڈی پی کو ملک بھر سے کافی اچھا رسپانس ملا اور بانویں رجسٹریشن ہوئے۔ پروگرام کے آغاز میں صرف پچاس شرکا کی

گنجائش رکھی گئی تھی تاہم بڑھتے تقاضے کی وجہ سے وزارت نے ایف ڈی پی میں مزید بیالیس شرکا کو حصہ لینے کی اجازت دی۔ مجموعی طور پر پچپن فیکلٹی اراکین اور سینتیس ریسرچ اسکالر پروگرام میں رجسٹر ہوئے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ تمام شرکا نے کورس مکمل کیا۔

پروگرام میں ایک ایک گھنٹے کے کل چالیس آن لائن تکنیکی سیشن ہوئے جس کے بعد ایک آن لائن ٹسٹ بھی لیا گیا۔ اہم اداروں سے ماہرین خصوصی کو زحمت دی گئی تھی۔ ان اداروں میں ای ایف ایل ایو، حیدرآباد، آئی آئی ٹی ڈی ایم، کرنول، این آئی ٹی وارنگل، این آئی ای پی اے، نئی دہلی، جے این یو، دہلی، سی ایس آئی آر، پٹنہ، سینٹرل یونیورسٹی کرناٹکا، اے یو ڈی، اگنو، جی جی ایس آئی پی یو، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور صنعت کے ماہرین بھی شامل ہیں۔ ان اجلاسوں میں وسیع تر مرکزی فریم ورک اور اے آئی اور تعلیم کے میدان میں مصنوعی ذہانت اور آئی سی ٹی ٹولز کے استعمال سے متعلق عملی تربیت دی گئی۔ تمام شرکا کو شرکت کی اسناد دی جائیں گی۔ دس روزہ آن لائن تربیتی پروگرام کا اختتام الوداعی پروگرام کے انعقاد کے ساتھ ہوا جس میں ساجھیدار اداروں اور صنعت کی اہم اور ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ اخیر میں ڈاکٹر ارم خان صاحبہ اور ڈاکٹر نوئیل نے مندوبین اور شرکا کا شکریہ ادا کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ